# اخبار الجامعة

مرتبہ: محمد ایوب غلام

01-01-03 برنامج المساعدة التعليمية کے زیر اہتمام جامعہ میں دوران تعطیلات خواہش مند طلباء وطالبات کے لئے ٹیوشن سنٹر قائم کر کے باقاعدہ پڑھائی شروع ہوئی۔

09-01-03 تعلیمی کمیٹی اور نصابی کمیٹی کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں فروعات کے نصاب پر نظر ثانی کی گئی۔

25-01-03 برانچہائے جامعہ میں ششماہی امتحانات شروع ہوئے۔

بارہ رکنی امتحانی ٹیم نے تمام برانچوں کا امتحان لیا اور مستوی تعلیمی پر تأثرات بھی تحریر کیے۔

8-2-03 انتظامیہ کی میٹنگ ہوئی، جس میں خرید و تقسیم قربانی وغیرہ کیلئے پانچ رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی۔

14-2-03 فارم توحید آباد میں یک روزہ علماء کنونشن منعقد ہوا، جس کی صدارت ناظم اعلیٰ صاحب نے کی۔

16-2-03 جناب مدیر عام صاحب کی صدارت میں تعلیمی کمیٹی اور انتظامیہ کا مشترکہ اجلاس ہوا۔ جس میں کئی اہم امور پر بحث کے بعد فیصلے کیے گئے۔

19-2-03 تعلیمی کمیٹی اور نصاب کمیٹی کا نئے تعلیمی سال کے آغاز کی مناسبت سے ایک اہم اجتماع ہوا، جس کی صدارت جناب مدیر تعلیم صاحب نے کی۔

1-3-03 موسم سرما کی سالانہ تعطیلات کے بعد نئے تعلیمی سال کا آغاز ہوا، اور پہلے دن سے ہی باقاعدہ پڑھائی شروع ہوئی۔

25-3-03 مجلہ التراث کی مجلس ادارت ومشاورت کا اجتماع ہوا۔

25-3-03 جمعیت طلباء جامعہ دار العلوم بلتستان غواڑی کے انتخابات ہوئے۔

30-3-03 مجلس عاملہ جمعیت اہلحدیث بلتستان کا اجلاس رئیس مجلس العمل الشیخ عبدالرشید صدیقی کی زیر صدارت بمقام توحید آباد منعقد ہوا۔

1-4-03 مسابقہ حفظ المتون کے امتحانات ہوئے، جس میں ایک سو نواسی (۱۸۹) طلباء، اور اسّی (۸۰) طالبات شریک ہوئیں۔

9-4-03 جمعیت طلباء جامعہ کے سال رواں کا افتتاحی جلسہ بڑے شان و شوکت کے ساتھ منعقد ہوا، جملہ طلباء واساتذہ کرام شریک ہوئے، چیدہ چیدہ اساتذہ کرام اور کئی ہونہار طلباء نے تقاریر کیں۔

13-4-03 مجلس شوری جمعیت اہلحدیث بلتستان کا اجتماع ہوا، جس میں مہمان خصوصی فضیلة الشیخ محمد حسن راشد آف برمنگھم نے خصوصی خطاب فرمایا۔

25-4-03 جامع الجامعہ میں نتائج وتقریب تقسیم انعامات حفظ المتون کے سلسلے میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ اول، دوم ،سوم پوزیشن حاصل کرنے والوں کو بالترتیب: 500،400،300 روپے جبکہ کامیاب ہونے والے ممتاز، جید جدا، اور جید کو بالترتیب 100، 80، 60 روپے بطور انعام دیے گئے۔

26-4-03 جامعہ میں وفاق المدارس السلفیہ پاکستان کے زیر اہتمام ضمنی امتحان شروع ہوا۔

27-4-03 جامعہ کے کلیة الدراسات الاسلامیہ للبنات میں مسابقہ حفظ المتون کے نتائج اور تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی۔

7-5-03 شعبہ تحفیظ القرآن الکریم جامعہ کے استاد حافظ عبدالحق حنیف قضاء الٰہی سے اللہ کو پیارے ہو گئے (انالله وانا الیه راجعون) مرحوم انتہائی نیک، مشفق اور ہر دل عزیز شخصیت تھے۔

14-5-03 ادارۃ التعلیم جامعہ دارالعلوم بلتستان غواڑی کے زیر اہتمام سہ روزہ ”الملتقی الدعوی والتربوی الأول“ منعقد ہوا، جس میں جامعہ اور اس کے برانچ مدارس کے اساتذہ نے بھرپور شرکت کی۔ مختصر کاروائی درج ذیل ہے:

14-5-03 (بدھ) تلاوت: قاری عبدالرحمٰن عیسی نے کی۔

الشیخ سیف اللہ خالد نے دلسوز انداز میں نظم پیش کی۔

الشیخ ثناء اللہ عبدالرحیم مدیر التعلیم نے ملتقی کے اغراض ومقاصد پر روشنی ڈالی۔

الشیخ محمد شریف بلغاری نے اس ملتقی کے پروگرام کا خاکہ پیش کیا۔

فضیلة الشیخ عبدالواحد عبداللہ نے ”منهج السلف فی الدعوة الی الله“ پر محاضرہ دیا۔

فضیلة الشیخ عبدالرحمٰن حنیف نے احساس مسئولیت کی اہمیت پر محاضرہ دیا۔

(بعد نماز ظہر) فضیلة الشیخ محمد اسماعیل عبداللہ نے "تقوی" پر کتاب وسنت کی روشنی میں سیر حاصل بحث کی۔

فضیلة الشیخ عبدالرحمٰن روزی نے ”دعوت کا ایجابی اور سلبی پہلو“ کے موضوع پر محاضرہ دیا۔

فضیلة الشیخ ثناء اللہ سالک نے "الاخلاص فی العمل" پر محاضرہ پیش کیا۔

فضیلة الشیخ محمد عباس اختر نے ”طریقة تطویر الدعوة والتدریس“ کے عنوان پر محاضرہ دیا۔

فضیلة الشیخ محمد یوسف سالک نے "اوصاف المعلم" پر محاضرہ سنایا۔

فضیلۃ الشیخ محمد عباس اختر نے اپنا تازہ منظوم کلام پیش کیا۔

فضیلۃ الشیخ محمد اسماعیل امین نے "اوصاف الداعی الی الله" پر محاضرہ دیا۔

15-5-03 تلاوت کلام پاک: حافظ ابراہیم

فضیلۃ الشیخ عبدالرشید صدیقی: مسئولية العلماء في العصر الحاضر۔

فضیلۃ الدکتور محمد علی جوہر: اعداء الاسلام في العصر الراهن۔

فضیلۃ الشیخ محمد حسین آزاد: اهمية الشورىٰ في الاسلام۔

فضیلۃ الشیخ محمد ابراہیم خان: كيف تتحقق آمال الاتحاد؟

فضیلۃ الشیخ ثناء اللہ عبدالرحیم: صفات الداعية الناجح۔

فضیلۃ الشیخ محمد عباس اختر: انشودة بمناسبة الملتقى لتنشيط الشركاء۔

فضیلۃ الشیخ بلال احمد: فضل التوبة وشروطه۔

فضیلۃ الشیخ محمد شریف بلغاری: كيف نرفع المستوى التعليمي؟

اسکے بعد ممتحن حضرات کے تأثرات تفصیل سے پیش کئے۔

فضیلۃ الشیخ عبدالرحیم روزی: اهمية التقيد بالضوابط۔

(بعد العصر) فضیلۃ الشیخ محمد ابراہیم شاکر: فضل الجهاد في سبيل الله۔

فضیلۃ الشیخ محمد ابراہیم علی: مكانة الأمانة في الدين۔

(بعد المغرب) فضیلۃ الشیخ عبدالباقی خان: تحديث نعم الله على هذه الجماعة۔

فضیلۃ الشیخ ثناء اللہ سالک: درس ودعاء۔

(بعد العشاء) فضیلۃ الشیخ محمد ابراہیم علی: اهمية الصلاة بالجماعة۔

16-5-03 فضیلۃ الشیخ حافظ عباس: التلاوة

اسکے بعد جناب ناظم اعلی، رئیس مجلس العمل اور مدیر التعلیم نے اساتذہ کے سوالات کے جواب دیئے، انکے مسائل پر غور کیا، اور حل کرنے کا یقین دلایا۔ امیر جمعیت الشیخ عبدالرحمٰن حنیف نے شرکاء ملتقی کو اسانید اور ہدایا تقسیم فرمایا۔ اس ملتقی میں ایک سو ستر (170) اساتذہ شریک ہوئے۔ اور تمام نے اس پروگرام کو سراہا، اور آئندہ بھی اسطرح کا

سلسلہ جاری رکھنے کی درخواست کی۔

01-6-03 بشام سے علماء کرام کا پانچ رکنی وفد مطالعاتی دورے پر تشریف لایا۔

08-6-03 کیڈٹ کالج سکردو کے پرنسپل کی معیت میں طلباء نے توحید آباد فارم کا مطالعاتی دورہ کیا۔

09-6-03 جناب خورشید انور صاحب تشریف لائے، اور فارم توحید آباد، یونیورسٹی اور بجلی گھر وغیرہ کا معاینہ کیا۔

10-6-03 مشرف جمعیۃ احیاء التراث الاسلامی کی زیرنگرانی فارم توحید آباد میں یتیموں کیلئے تربیتی پروگرام منعقد ہوا۔ اچھی پوزیشن حاصل کرنے والے یتیموں کو قیمتی انعامات دیئے گئے۔

12-6-03 ادارۃ المشاریع والمساجد کے مسئول مکتب لاہور پاکستان جناب سراج الدین صاحب اور عزیز الرحمٰن صاحب تشریف لائے اور جامعہ کے تعمیراتی پروگرام کا معاینہ کیا۔

14-6-03 برانچہائے جامعہ میں سالانہ امتحانات شروع ہوئے۔

24-6-03 جامعہ میں ششماہی امتحانات شروع ہوئے۔

❁❁❁❁❁

## سنہری باتیں

- ماں کی قدر وہ جانتا ہے جو اس سے محروم ہے۔
- دوست کی خامیاں درگزر کرنے سے دوستی قائم رہتی ہے۔
- خیرخواہ وہ ہے جو علیحدگی میں تجھے اپنی خامیوں سے آگاہ کرے۔
- جیو تو اسطرح کہ لوگ تم سے ملنے کو بے چین رہیں، اور مر جاؤ تو تمہاری یاد میں آنسو بہائیں۔
- اس دن پہ رو جو تیری عمر سے گزر گیا اور تم نے اس میں نیکی نہیں کی۔ (صدیق اکبرؓ)
- کسی پر اتنا مت روٹھو کہ منانے والے مناتے مناتے خود روٹھ جائیں۔
- اپنے دل سے دوستی کا حال پوچھ، کیونکہ یہ ایسا گواہ ہے جو رشوت نہیں لیتا۔
- زندگی کے فیصلے عقل کی چھاؤں میں کرو، جذبات کی دھوپ میں نہیں۔
- جو راز تم دشمن سے چھپانا چاہتے ہو وہ دوست سے بھی چھپاؤ، کیونکہ ہوسکتا ہے آپ کا دوست بھی کبھی دشمن بن جائے۔